© rasailojaraid.com

ہیں ان کا بیان بھی ہے، اس بنا پر یہ ایک کتاب سفرنامہ بھی ہے، حج کا گائڈ بھی اور احکام وسائل کی کتاب بھی، ارباب ضرورت کو اس سے فائدہ اٹھانا چاہیے۔

جگر بریلوی مرتبہ جناب مالک رام وسیفی پریمی تقطیع متوسط ضخامت ۱۹۵ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت مجلد ۶/ روپے

پتہ:- علمی مجلس نمبر ۱۴۲۹ چھتہ نواب صاحب خوش خانہ دہلی ۔ ۶

جناب شیام موہن لال جگر بریلوی اردو زبان کے نامور شاعر اور ادیب ہیں لیکن آپ ان ارباب شعروادب میں سے ہیں جو فن کی تحصیل برائے فن کرتے ہیں اور اس کو شہرت یا کسی اور مادی منفعت کے حصول کا ذریعہ نہیں بناتے، اس بنا پر آپ عوام میں ایسے کچھ زیادہ معروف نہیں ہیں، مجلس علمی نے موصوف کی شخصیت اور فن پر یہ کتاب شائع کرکے ایک ادبی فریضہ ادا کرنے کی سعی کی ہے اس کتاب میں مختلف اصحاب قلم کے مضامین ہیں جن میں جگر صاحب کے سوانح زندگی اور ان کی شاعری اور ادب کے مختلف پہلوؤں پر گفتگو کی گئی ہے لیکن سب سے دلچسپ اور لائق مطالعہ وہ ۲ مضمون ہیں جن میں سے ایک خود جگر صاحب نے اپنی رفیقۂ حیات کے متعلق "میری اہلیہ" کے عنوان سے لکھا ہے اور دوسرا وہ جس میں موصوف کی اہلیہ محترمہ نے خود جگر صاحب کی گھریلو زندگی بیان کی ہے۔ غرض کہ کتاب تاریخی اور فنی دونوں حیثیتوں سے پڑھنے کے لائق ہے۔

© rasailojaraid.com